# The Gujranwala Chamber of Commerce & Industry

گوجرانوالہ ایوانِ صنعت و تجارت

Since 1978

Chamber Plaza, Aiwan-e-Tijarat Road, Gujranwala-Pakistan.

Certified ISO 9001:2008


مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ 17 ستمبر 2022ء

کی حاضری

| | | |
|---|---|---|
| 1- | جناب محمد شعیب بٹ | میسرز جی۔ایم انڈسٹری عالم چوک حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| 2- | جناب آفاق ایوب | میسرز سروس یونٹ (ایچ۔ایم عبداللہ اینڈ سنز' حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| 3- | جناب وقاص افضل | میسرز زیڈ اینڈ زیڈ سپورٹس ویئر نیریو۔بی۔ایل شاہین آباد جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 4- | جناب عمر اشرف مغل | میسرز ایف۔بی۔ڈبلیو کارپوریشن سپر ایشیا گروپ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 5- | جناب محمد اجمل | میسرز پاپولر انجینئرنگ انڈسٹریز 53/A سمال انڈسٹری اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| 6- | جناب محمد عارف سلیم | میسرز مدینہ میٹل ورکس 56۔اے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ نمبر 2 گوجرانوالہ |
| 7- | جناب عثمان بٹ | میسرز شیراز سٹین لیس سٹیل انڈسٹری عثمان غنی کالونی گلی نمبر 5 بالمقابل گلبرگ کالونی نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ |
| 8- | جناب میاں وحید بشیر | میسرز وحید ٹیکسٹائل انڈسٹری چرہ منڈی فیروز والا روڈ نزد سیونیاں والی گلی گوجرانوالہ |
| 9- | جناب عاصم شہزاد | میسرز ایس۔این۔ایم انٹرنیشنل ہاؤس نمبر 177 بلاک سی۔1 واپڈا ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 10- | جناب محمد ندیم | میسرز اقراء انڈسٹری ہاؤس نمبر 127 راوی بلاک DC کالونی گوجرانوالہ |
| 11- | جناب اظہر عمیر بھٹی | میسرز بھٹی پلاسٹک انڈسٹری نزد سوئیس حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| 12- | جناب محمد آصف | میسرز آصف کارپٹ جناح روڈ کھوتا پلی چوک نزد ایس اے حمید والا گلہ گوجرانوالہ |
| 13- | جناب حافظ نوید شہزاد | میسرز توحید میٹل سکریپ محلہ اسلام پورہ بازار مہر نور محمد گلی نمبر 5 گوجرانوالہ |
| 14- | جناب حافظ محسن زبیر | میسرز حافظ جی ٹریڈرز فیز نمبر 2 ایچ بلاک ہاؤس نمبر 84 گارڈن ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 15- | جناب عبدالستار | میسرز پنجاب آئرن سٹور 64۔اے سمال انڈسٹری اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| 16- | محترمہ شہناز افضل | میسرز ایم۔ایم ایمبرائڈری 343 بلاک بی سیٹلائٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 17- | جناب شاہد الرحمان | میسرز سپر فائن انڈسٹری اسلامیہ کالج روڈ نزد درزیاں والی کوٹھی محلہ اقبال گنج گلی نمبر 7 مکان نمبر 3002 گوجرانوالہ |
| 18- | جناب محمد عمران | میسرز فرحان سلک فیکٹری رتہ روڈ فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 19- | جناب علی نواز خان | میسرز خان سلک فیکٹری نزد ٹالی قبرستان فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 20- | جناب ساجد لطیف بٹ | میسرز ساجد میٹل ورکس باجوہ روڈ فیکٹری نمبر 80 گوجرانوالہ |
| 21- | جناب احسن محمود | میسرز عظمت پولیمرز 16-B سمال انڈسٹری اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| 22- | جناب نعیم آصف | میسرز نعیم آصف الیکٹریکل انڈسٹری شاپ نمبر 130 بزار خراداں والا گوجرانوالہ |
| 23- | جناب عادل ندیم | میسرز عبدالرحیم فارمہ بالمقابل ڈاکٹر نواز گھسن گل روڈ گوجرانوالہ |
| 24- | جناب محمد افضل | میسرز ملک افضل میٹل سکریپ مین شیخوپورہ روڈ بالمقابل بینک نزد باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| 25- | جناب ہشام جاوید | میسرز جے۔ایس۔کے میٹلز نزد ستار سرامکس بالمقابل سپر سٹار فلنگ سٹیشن چاندا آٹو اناوہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 26- | جناب محمد ارشد | میسرز سلور سٹار میٹل کچن ویئر انڈسٹری مین شیخوپورہ گلزار کالونی عقب کھیالی پیپر بورڈ گوجرانوالہ |
| 27- | جناب ضیاء الحق | میسرز عمر فینسی اینڈ بوتیک شاپ نمبر 10 جناح بازار گوجرانوالہ |
| 28- | محترمہ ثناء صادق | میسرز ضرار انٹر پرائز 79-A سیٹلائٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |

محمد برہان

سیکریٹری جنرل

" Non-Profit Organization Status till 30-06-2024"


www.gcci.org.pk gcci.org GcciTweet gcci@gcci.org.pk - gccipool@gmail.com +92-300-0222693

Gujranwalachamberofcommerceindustrygcci thegcci +92-55-9200391-4 (4 Lines) +92-55-9200389

مجلس عاملہ کا اجلاس صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس جناب محمد شعیب بٹ کی زیر صدارت مورخہ 17 ستمبر 2022ء بروز ہفتہ کو چیمبر آف کامرس میں منعقد ہوا جس میں درج ذیل ایجنڈے پر کاروائی کی گئی۔

1- تلاوت قرآن پاک۔

اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کی سعادت جناب محمد عارف سلیم نے حاصل کی۔

2- درود پاک کی خاموش تلاوت۔

تلاوت کلام پاک کے بعد تمام حاضرین نے دورد پاک کی خاموش تلاوت کی۔

3- درخواست برائے معذرت۔

صدر جناب محمد شعیب بٹ نے درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا پیش کرتے ہوئے پوچھا کہ کسی کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئی ہے۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ کوئی درخواست برائے معذرت موصول نہیں ہوئی اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا منظور کرلیا۔

4- گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی کاروائی (مورخہ 06 ستمبر 2022ء) کی منظوری

صدر جناب محمد شعیب بٹ نے گزشتہ اجلاس کی کاروائی کا ایجنڈا ہاؤس میں پیش کیا۔ہاؤس متفقہ طور پر گزشتہ اجلاس مورخہ 06 ستمبر 2022ء کی منظوری دے دی۔

5- رکنیت کیلئے موصولہ درخواستوں کی منظوری

صدر جناب محمد شعیب بٹ نے رکنیت کیلئے ایسوسی ایٹ اور کارپوریٹ کلاسز کی موصول ہونے والی نئی ممبرشپ کی درخواستیں منظوری کیلئے ایوان میں پیش کیں ہاؤس نے متفقہ طور پر ممبرشپ کیلئے موصول ہونے والی درخواستوں کومنظور کرلیا۔

6- نائب صدر جناب وقاص افضل کی طرف سے دی گئی درخواست برائے اختلافی نوٹ کو مجلس عاملہ کی میٹنگ منعقدہ 5 ستمبر کی کاروائی کا حصہ بنایا جانا۔

صدر جناب محمد شعیب بٹ نے نائب صدر جناب وقاص افضل کی طرف سے دی گئی درخواست برائے اختلافی نوٹ کو مجلس عاملہ کی میٹنگ منعقدہ 5 ستمبر کی کاروائی کا حصہ بنایا جانے کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔جناب وقاص افضل نے کہا کہ میں نے جو بات 5 ستمبر کے اجلاس میں کہی تھی اسے منٹس کا حصہ نہیں بنایا گیا۔جس حوالے سے میں نے اپنا اختلافی نوٹ جمع کروایا۔صدر جناب محمد شعیب بٹ نے ہاؤس سے کہا کہ اس ایجنڈا پوائنٹ پر رائے دیں جناب عادل ندیم نے کہا کہ یہ بات جناب وقاص افضل کی بجائے جناب حافظ محسن

زبیر نے کہی تھی۔ جناب وقاص افضل نے کہا کہ ممبر شپ سکروٹنی کمیٹی کے حوالے سے فائل چیکنگ غلط یا ٹھیک چیک کرنے کے متعلق جو بات کی تھی انہیں بھی حصہ بنایا جائے۔ جناب علی نواز نے کہا کہ صدر صاحب نے ممبر شپ سکروٹنی کمیٹی کے بارے میں کہا تھا کہ وہ ٹھیک سکروٹنی نہ کرنے پر نا اہل ثابت ہوئی ہے۔صدر جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ میں نے کسی بھی کمیٹی کی نا اہلیت پر نہ کوئی بات کی ہے نہ کر سکتا ہوں۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ سکروٹنی کمیٹی میں سینئر ممبرز کو رکھا گیا تھا اگر وہ چیکنگ نہیں کر سکتے تھے تو انہیں کمیٹی میں کیوں شامل کیا گیا جبکہ تمام ریکارڈ ان کی دسترس میں تھا۔صدر جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ سکروٹنی کمیٹی کے پاس کوئی ایسا ٹول نہیں تھا کہ جس سے وہ ریکارڈ کے ٹھیک ہونے کی تصدیق کر سکیں۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ اگر ٹول نہیں تھا تو کمیٹی بنائی کیوں گئی۔صدر جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ میں نے سیکریٹری جنرل سے پوچھا تھا کہ ہم ریکارڈ کو کس طرح چیک کر سکتے ہیں سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ ٹریڈ رولز کے مطابق ہم رینیول کے وقت ممبران سے ریٹرنز جمع ہونے کا ثبوت بمعہ مکمل ریٹرنز کی کاپی لیتے ہیں ہمارے پاس کوئی ٹول نہیں ہے کہ ریٹرنز کی تصدیق کر سکیں البتہ ہم FBR کی ATL سے تصدیق کرتے ہیں کہ وہ ایکٹیو ہے یا نہیں۔ اگر ایکٹیو ہے تو سمجھا جاتا ہے کہ ریٹرنز جمع ہوئی ہے بصورت دیگر جمع نہیں ہوئی یا اس میں کوئی مسئلہ ہے، جس وجہ سے ATL ایکٹیو نہیں آتا ہے۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ انسانی غلطی کی بات کی جائے تو ممکن ہے کہ منٹس میں لکھنا بھول گئے ہیں لیکن وقاص افضل کی بات کو منٹس کا حصہ بنانے میں کوئی مضائقہ نہیں ۔صدر جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ پہلے مجھے یہ بتائیں کہ ممبر شپ سکروٹنی کمیٹی ریٹرنز کس طرح چیک کر سکتی ہے۔اور پچھلے صدور کے دور میں بھی معاملات اسی طرح تھے۔انہوں نے سیکریٹری جنرل سے پوچھا کہ پچھلے سالوں میں آپ ریٹرنز کس طرح چیک کرتے تھے ۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ ہم پچھلے چند سالوں سے ریٹرنز کو FBR کی ایکٹیو ٹیکس پیئرز کی لسٹ سے ہی چیک کرتے رہے ہیں۔ جناب وقاص افضل نے کہا کہ 5 کروڑ کی شرط کے حوالے سے تب معاملات ایسے نہیں تھے۔صدر جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ سیکریٹری جنرل سے پوچھیں کہ کسی کلاس کی رینیول سکروٹنی سے پہلے کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ FBR سے ان کی ریٹرنز کی تصدیق کروالیں۔انہوں نے مجھے بتایا کہ ایسا کوئی لاء موجود نہیں جس سے ہمیں ریٹرنز کی تصدیق ہو سکے۔ جناب وقاص افضل نے کہا کہ میں سیکریٹری جنرل اور ہاؤس کے علم میں لانا چاہوں گا کہ کچھ ہی عرصہ پہلے ممبر آئی آر پالیسی نے ایک کلیریفی کیشن دی ہے کہ اگر کسی نے ریٹرنز کے بابت کوئی ویریفکیشن کروانی ہے تو وہ بونا فائیڈ ٹیکس پیئر ہونا چاہیئے اور پروینگ لاز کو پورا کرنا ٹیکس پیئرز کی ذمہ داری ہے کسی نے ریٹرنز کی ویریفیکیشن کروانی ہے تو متعلقہ فیلڈ آفس میں بھجوا کروا سکتا ہے۔

صدر جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ لمبی بحث میں پڑھنے کی ضرورت نہیں لہٰذا سیکریٹری جنرل چیک کریں کہ انہوں نے دوران میٹنگ اپنے نوٹس پر یہ پوائنٹ لکھا تھا کہ نہیں اگر نہیں لکھا تو کیوں نہیں لکھا۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ اس وقت بہت سارے سیاسی نکات پر گفتگو چل رہی تھی اس لئے یہ پوائنٹ نہیں لکھا جا سکا۔صدر جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ آپ صرف یہ بات بتائیں کہ کیا یہ بات ہوئی

تھی یا نہیں۔سیکرٹری جنرل نے بتایا کہ وقاص صاحب کے پوائنٹس میں سے پہلا پوائنٹ جو کہ چوتھا نام کو شامل کرنے کا تھا وہ جناب حافظ محسن زبیر نے کہا تھا جس کی تائید جناب وقاص افضل نے کی تھی۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ میرے ساتھ ایڈیشنل سیکریٹری بھی موجود تھے وہ بھی اس بات کے متعلق بتائیں گے۔ایڈیشنل سیکریٹری نے بتایا کہ دوسرا نکتہ جو جناب وقاص افضل نے ممبرشپ سکروٹنی کمیٹی کے حوالے سے کہا کہ اس میں صرف فائلوں کی سکروٹنی کی ذمہ داری کے متعلق بات ہوئی تھی نہ کہ ایگزیکٹیو کمیٹی کو اپنی پروفارمنس کے متعلق جوابدہ ہونے کی۔ان کا صرف یہ پوائنٹ منٹس میں شامل کیا جائے گا جو کہ ممبرشپ کی سکروٹنی کے حوالے سے ہے۔لہٰذا ہاؤس نے اسی ترتیب سے کہ جو بات کہی گئی اور جو نہیں کہی گئی تھی اسی حد تک متعلقہ منٹس میں لکھنے کی منظوری دے دی۔ جو کہ درج ذیل ہے۔

1- جناب وقاص افضل نے حافظ نوید شہزاد کا کمیٹی میں شامل کرنے کی بابت جو کہا وہ بنیادی طور پر جناب حافظ محسن زبیر نے کہی تھی اور جبکہ جناب وقاص افضل نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا تھا کہ چوتھا نام بھی شامل کرلیں۔

2- جناب وقاص افضل نے مزید کہا تھا کہ ممبرشپ سکروٹنی کمیٹی نے جو کام کیا ہے ان کے پاس فائلیں موجود تھیں تو غلط فائلیں ان سے کیسے نظر انداز ہوگئیں۔

7- ایگزیکٹیو کمیٹی کا فیصلہ مورخہ 05 ستمبر 2022ء کے، باوجود DGTO کا ایگزیکٹیو کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں فیصلہ نہ کرنے کی وجہ سے 66 ممبران کے حق رائے دہی کے بارہ میں غور و خوض

آج کی میٹنگ ایگزیکٹیو کمیٹی طرف سے جمع کروائی گئی ریکوزیشن کی روشنی میں منعقد کی گئی ہے جس کا ایجنڈا پوائنٹ ایگزیکٹیو کمیٹی کا فیصلہ مورخہ 05 ستمبر 2022ء کے باوجود DGTO کا ایگزیکٹیو کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں فیصلہ نہ کرنے کی وجہ سے 66 ممبران کے حق رائے دہی کے بارہ میں غور و خوض کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔جس پر جناب محمد عارف سلیم نے کہا کہ میری رائے ہے کہ گزشتہ اجلاس میں جن ممبران کا ریکارڈ درست پایا گیا ان کو حق رائے دہی سے نہ روکا جائے۔جناب محمد عثمان بٹ نے جناب محمد عارف سلیم کی اس بات کی تائید کی۔جناب محمد اجمل اعوان نے کہا کہ جو جس بھی کلاس میں فال کرتا ہے اسے اسی کلاس میں ڈالا جائے۔جناب عادل ندیم نے کہا کہ آخری میٹنگ میں بھی یہی طے ہوا تھا جو جس کلاس میں فال کرتا ہے اسے اسی میں ڈالا جائے۔

جناب آفاق ایوب نے کہا کہ ہاؤس کے پاس اس بات کا استحقاق نہیں جب تک DGTO آفس سے فائنل فیصلہ نہیں آجاتا تب تک ان ممبران کو ووٹرز لسٹ میں نہ شامل کیا جائے۔جناب عاصم شہزاد نے کہا کہ ہمیں ووٹ کا رائٹ دینا چاہئے کیونکہ ہمیں نہیں معلوم کہ وہ کس گروپ کا ووٹر ہے اور وہ بلاوجہ الگ الگ DGTO کے پاس جاکر درخواستیں جمع کرواتے ہیں۔جناب عبدالستار نے کہا کہ ہاؤس کے پاس اختیار ہے جبکہ DGTO آفس نے بھی یہ معاملہ ایگزیکٹیو کمیٹی کے سپرد کیا ہے ہمیں ان ووٹرز کو ووٹ ڈالنے کا حق دینا چاہیئے۔جناب اظہر عمیر بھٹی نے کہا کہ ان ووٹوں کو ووٹر لسٹ میں شامل کرنے کا یا نہ کرنے کا اختیار DGTO آفس کے پاس چلا گیا تھا

تو وہ ریجیکٹ کرتے ہیں تو نکال دیں۔ جناب وقاص افضل نے کہا کہ DGTO کے پاس سول کورٹ کے اختیار ہوتے ہیں اور ایجنڈا نمبر 7 خود سے کونٹمپٹ آف کورٹ ہے۔ لہٰذا میری گزارش ہے کہ ہاؤس کا اس پوائنٹ پر بات کرنا نہیں بنتا۔ اس کے نتیجے میں چیمبر کا لائسنس بھی کینسل ہوسکتا ہے۔ صدر جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ چیمبر کا لائسنس کینسل نہیں ہوگا۔ جو لیٹر DGTO آفس سے موصول ہوا تھا انہوں نے جناب عمر اشرف کو کہا کہ وہ ہاؤس کو پڑھ کر سنائیں اور بتائیں کہاں لکھا ہے کہ اس میں DGTO نے ہی فیصلہ کرنا ہے۔ جناب عمر اشرف نے ہاؤس میں DGTO کی طرف سے جاری کردہ لیٹر پڑھ کر سنایا اور کہا کہ لیٹر میں DGTO آفس کی طرف سے ہی ہدایت ہے کہ ہاؤس ان کے متعلق جو بھی فیصلہ کرے اسے کرلیا جائے۔ جناب وقاص افضل نے کہا کہ جو لسٹ 28 ووٹوں کی بھیجی گئی ہے اس میں احسن انڈسٹری کی ریٹرن غلط بھیجی گئی ہے جس کی وجہ سے DGTO آفس میں یہ فیصلہ رکا ہوا ہے۔ صدر جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ جناب وقاص افضل جس غلط ووٹ کی بات کررہے ہیں اسے نکال دیں باقی C کلاس کے ناموں کو لسٹ میں شامل کرلیا جائے جبکہ ایسوسی ایٹ کلاس کے ووٹرز کے متعلق معزز DGTO آفس کا جو بھی فیصلہ آئے گا ان کو ایسوسی ایٹ کلاس پر لاگو کردیا جائے گا۔ ہاؤس نے صدر جناب محمد شعیب بٹ کی تائید کرتے ہوئے کثرت رائے سے 27 کارپوریٹ کے ووٹرز کا نام فائنل ووٹرز لسٹ میں بطور سپلیمنٹری لسٹ کے شامل کرنے کی منظوری دے دی۔

8- دیگر امور

صدر جناب محمد شعیب بٹ نے دیگر امور کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جناب حافظ نوید شہزاد نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا کہ مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں میں صدر جناب محمد شعیب بٹ کے متعلق بات کرنا چاہوں گا کہ بطور صدر انہوں نے بھرپور ساتھ دیا ہمارا پورا سال بڑا اچھا گزرا انہوں نے مجھے بہت عزت دی بلکہ ہر آنے والے ممبر کی بہت عزت کی ہے جو بھی کام کہا گیا انہوں نے فوری مکمل کرنے کی کوشش کی میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں اس کے ساتھ کچھ ایسے معاملات ہوئے ہیں جن سے بزنس کمیونٹی اس معزز ہاؤس پر ہنس رہی ہے لہٰذا ہمیں کسی نہ کسی طرح ان معاملات کو درست کرنا چاہیئے۔ صدر جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ جناب حافظ نوید شہزاد نے بڑی اچھی بات کی ہے لیکن اس کیلئے میں خود دوسرے گروپوں کے لیڈران کے پاس گیا ہے لیکن کچھ نہیں ہوا۔ جناب محمد اجمل اعوان نے کہا کہ میں جناب حافظ نوید شہزاد سے کہنا چاہوں گا کہ آپ اپنے لوگوں سمجھائیں میں اپنے گروپ کے لوگوں کو کونس کرتا ہوں امید ہے کہ تمام لوگ بھائیوں کی طرح رہیں گے۔ اور اچھے طریقے سے الیکشن کے پراسس میں حصہ لیں گے۔

اس کے بعد کوئی امور زیر بحث نہ تھے لہٰذا اجلاس صدر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے دعائے خیر کے بعد اختتام پذیر ہوا

سیکریٹری جنرل